سوال

(117) کیا میں اپنی طلاق یافتہ چچی کا محرم ہوں جبکہ وہ میرے نانا کی بیٹی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا میں اپنی چچی کی طلاق کے بعد اس کا محرم شمار ہوں گا اصل میں وہ میرے نانا کی بیٹی ہے ؟ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جد (عربی میں نانا اور دادا کو کہا جاتا ہے اس) کی بیٹی یا تو آپ کی خالہ ہوگی یا پھر پھوپھو اگر تو وہ آپ کے دادا کی بیٹی ہے تو آپ کی پھوپھو لگے گی اور اگر وہ آپ کے نانا کی بیٹی ہے تو آپ کی خالہ ۔ جب وہ آپ کی خالہ یا پھوپھو ہے تو آپ اسکے محرم ہیں خواہ وہ آپ کی چچی بھی ہو یا نہ ہو اور سوال سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ آپ کے نانا کی بیٹی (یعنی خالہ) ہے کیونکہ پھوپھو چچی نہیں ہو سکتی ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص178

محدث فتویٰ